سوال

(532)دو پوتے اور دو پوتی کے درمیاں تقسیم کیسے ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیدنے انتقال کیاچھوڑے۔اس نے 2پوتے 2پوتی۔ایک بیٹی ورثہ کیسے تقسیم ہو۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پوتا2۔پوتا2۔پوتی1۔پوتی1۔دختر6۔صورت مذکورہ میں زید کا ترکہ مندرجہ بالا طریقہ پر تقسیم کیاجائے گا۔بعد ادائے قرضہ اوروصیت کل مال کے12حصے کیے جایئں گے۔6حصے دختر کو2حصے پہلے پوتے کو2حصے دوسرے پوتے کو۔ایک حصہ ایک پوتی کواور دوسرا ایک حصہ پوتی کو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد2ص493

محدث فتویٰ